گرامر کا سبق 9d

## مزید فیه: اٰتٰی

یہ فعل أَسْلَمَ کے وزن پر ہے، لیکن اس میں ہمزہ اور کمزور حرف ہے۔ (أَتٰی ← اٰتٰی)

یہ ھَدٰی ہی کی طرح ہے اس لیے کہ اس کے آخر میں کھڑا زبر (ی کی شکل میں) ہے۔ آپ نے ھَدٰی کے ٹیبل میں جو تبدیلیاں سیکھیں ہے وہ یہاں بھی جمع کے صیغوں کو بنانے میں کام آسکتی ہیں۔ (ھَدٰی، ھَدَوْا، یَهْدِيْ، یَهْدُوْنَ، اِهْدِ، اِهْدُوْا، هَادٍ، هَادُوْنَ)

اٰتٰی: اس نے دیا — (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضِ | | فعل مضارِع | | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰتٰی | اس نے دیا | یُؤْتِيْ | وہ دیتا ہے | اٰتِ | دے! |
| اٰتَوْا | ان سب نے دیا | یُؤْتُوْنَ | وہ سب دیتے ہیں | اٰتُوْا | دو! |
| اٰتَیْتَ | آپ نے دیا | تُؤْتِيْ | آپ دیتے ہیں | لَا تُؤْتِ | مت دے! |
| اٰتَیْتُ | میں نے دیا | أُوْتِيْ | میں دیتا ہوں | لَا تُؤْتُوْا | مت دو! |
| اٰتَیْتُمْ | آپ سب نے دیا | تُؤْتُوْنَ | آپ سب دیتے ہیں | مُؤْتٍ | دینے والا |
| اٰتَیْنَا | ہم سب نے دیا | نُؤْتِيْ | ہم سب دیتے ہیں | مُؤْتًی | جس کو دیا گیا |
| اٰتَتْ | اس عورت نے دیا | تُؤْتِيْ | وہ عورت دیتی ہے | إِیْتَاء | دینا |

### ۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

| | |
|---|---|
| هَلْ یُؤْتِی الزَّكٰوةَ؟ | نَعَمْ، یُؤْتِی الزَّكٰوةَ. |
| هَلْ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ؟ | نَعَمْ، یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ. |
| هَلْ تُؤْتِی الزَّكٰوةَ؟ | نَعَمْ، أُوْتِی الزَّكٰوةَ. |
| هَلْ تُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ؟ | نَعَمْ، نُؤْتِی الزَّكٰوةَ |

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل ماضِ: هَلْ اٰتَیْتَ الزَّكٰوةَ؟ نَعَمْ، اٰتَیْتُ الزَّكٰوةَ.
- فعل امر: اٰتِ الزَّكٰوةَ! أُوْتِی الزَّكٰوةَ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُؤْتِ الزَّكٰوةَ ؟ نَعَمْ، أَنَا مُؤْتِ الزَّكٰوةَ.

اٰتٰی ہی کی طرح اٰذٰی (اس نے دکھ دیا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔